© rasailojaraid.com

**نظامِ اسلامی مشاہیرِ اسلام کی نظر میں | مرتبہ: خلیل احمد حامدی۔ ناشر: اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ شاہ عالم مارکٹ لاہور۔ ضخامت: ۵۰۴ صفحات۔ قیمت: ساڑھے چھ روپے۔**

کتاب کا نام دیکھ کر یہ مغالطہ ہوتا ہے کہ شاید اس کتاب میں نظامِ اسلامی کے بارے میں مشاہیرِ اسلام کی آراء جمع کی گئی ہونگی اور اس کی نوعیت پراپیگنڈے کی ہوگی لیکن کتاب کی ورق گردانی کرتے ہی یہ مغالطہ کافور ہوجاتا ہے۔

فاضل مرتب جناب خلیل احمد حامدی صاحب نے اس کتاب میں نظامِ اسلامی کے علمی و نظری مسائل پر عالم اسلام کے مشاہیر علماء کے لکھے ہوئے بیش قیمت مضامین کو یکجا کردیا ہے۔ کتاب کو تین ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے باب میں فقہ و قانون سے متعلق مضامین رکھے گئے ہیں جو سب کے سب اچھی تحقیقی نوعیت کے حامل ہیں۔ دوسرے باب میں ریاست و حکومت سے متعلق نہایت اہم موضوعات پر وقیع مضامین جمع کیے گئے ہیں مثلاً "اسلام میں بنیادی انسانی حقوق"۔ "اسلامی حکومت میں ملازموں کے حقوق و فرائض"، "اسلام کا بلدیاتی نظام"، "اسلام کے اصول معاہدات"، "اسلام کا بین الاقوامی قانون" اور "اسلام کا نظام تعزیر" وغیرہ۔ تیسرے باب میں اسلامی نظام کے قیام کا راستہ روکنے کے لیے مغرب جو کوششیں کر رہا ہے اور جن حیلوں سے کام لے رہا ہے ان کا جائزہ لیا گیا ہے اور ان کے حملوں کا دفاع کیا گیا ہے۔

بیشتر مضامین چونکہ عرب مشاہیر کے تحریر کردہ ہیں۔ اس لیے فاضل مرتب نے ان کا ترجمہ کرکے انہیں کتاب میں شامل کیا ہے۔ ترجمے کا معیار خاصا بلند اور زبان شگفتہ ہے۔ ہر مضمون سے پہلے صاحبِ مضمون کا ایک مختصر تعارفی خاکہ بھی پیش کیا گیا ہے جس نے کتاب کی افادیت میں اضافہ کردیا ہے۔ ہماری رائے میں مرتب محترم اور ناشر نے یہ کتاب پیش کرکے اسلامی نظام کے قیام کی راہ میں گراں قدر خدمت انجام دی ہے۔ البتہ ضرورت اس بات کی ہے کہ کتاب کے اگلے ایڈیشن میں کتاب کا معیار طباعت بہتر بنایا جائے اور اسے اغلاط سے پاک

© rasailojaraid.com